احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 29

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 25 اگست 2004ء 8رجب1425 ہجری - 25 ظہور 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 190

دل جوڑنے والا

ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کی باری حضرت عائشہ کے گھر میں تھی۔ حضرت صفیہؓ نے کھانا بھجوایا تو حضرت عائشہؓ نے غصہ سے وہ کھانا گرا دیا اور برتن ٹوٹ گیا رسول اللہؐ نے اپنے ہاتھوں سے اس برتن کو جوڑا اور کھانا اکٹھا کیا اور فرمایا کھاؤ پھر حضرت عائشہ سے اسی قسم کا برتن لے کر حضرت صفیہ کو بجھوا دیا۔

(سنن نسائی کتاب عشرة النساء باب الغیرہ حدیث نمبر3893)

جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ کا مستورات سے خطاب 21/ اگست 2004ء

دین حق نے عورت کو ایک اعلیٰ مقام عطا فرمایا ہے

اس کا تقاضا ہے کہ ہر احمدی عورت لغویات سے پرہیز کرنے والی اور اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے والی ہو

خطاب کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 21/اگست 2004ء کو من ہائم جرمنی میں جماعت احمدیہ جرمنی کے جلسہ سالانہ کے دوسرے روز مستورات سے خطاب فرمایا جس میں عورتوں کے اعلیٰ مقام اور ان کے حقوق وفرائض پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ حضور انور کا یہ خطاب احمدیہ ٹیلی ویژن نے براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا اور متعدد زبانوں میں اس کا رواں ترجمہ بھی نشر کیا۔

حضور انور نے سورة الحشر کی آیت نمبر 19 کی تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور ہر جان یہ نظر رکھے کہ وہ کل کے لئے کیا آگے بھیج رہی ہے اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو یقیناً اللہ اس سے جو تم کرتے ہو ہمیشہ باخبر رہتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ کسی بھی قوم یا معاشرے کی ترقی کا زیادہ تر دارومدار اس قوم کی عورتوں کے اعلیٰ معیار میں ہے۔ اسی لئے دین حق نے عورت کو ایک اعلیٰ مقام عطا فرمایا ہے۔ بحیثیت بیوی اور بحیثیت ماں کے اس کا ایک مقام ہے اور مرد کو عاشروھن بالمعروف کہہ کر یہ ہدایت کی کہ عورت کا ایک مقام ہے بلاوجہ بہانے بنا بنا کر اسے تنگ کرنے کی کوشش نہ کرو۔ اس کے جذبات کا خیال رکھو کیونکہ ان کے بھی تمہارے جیسے جذبات ہیں ان سے تمہاری نسل چل رہی ہے اگر اسے بلاوجہ صدمات پہنچاؤ گے اور زیادتی کرو گے تو ہوسکتا ہے تمہاری نسل تمہارے خلاف ہو جائے۔ اس لئے اپنے پر کنٹرول رکھو اس طرح تم نہ صرف عورت کے جذبات کا خیال رکھ رہے ہو گے بلکہ اپنا اور اپنی اولاد کا بھی بھلا کر رہے ہو گے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ مرد اور عورت ایک دوسرے کا لباس ہیں یعنی ایک دوسرے کے رازدار ہیں۔ یہ نہیں ہونا چاہئے کہ کبھی جھگڑے کی صورت میں غیر ضروری باتوں کی تشہیر شروع کر دو۔ حضور انور نے فرمایا کہ اگر خاوند اور بیوی کے آپس میں اچھے تعلقات ہیں اور معاشرے کو بھی اس کا پتہ ہے تو اس سے معاشرے میں بھی عورت اور مرد کا ایک مقام بنا رہتا ہے۔ اس لئے خاوند اور بیوی کی ذمہ داری ہے کہ اپنی اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں۔ مرد عورت کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائے اور نہ عورت مرد کے اعتماد کو ٹھیس پہنچائے۔ اس طرح نہ صرف گھریلو زندگی خوشگوار ہوگی بلکہ تمہاری نسلیں بھی محفوظ ہو جائیں گی۔

اللہ تعالیٰ نے مرد وعورت کے بہت سے حقوق وفرائض مقرر کئے ہیں ان کو ادا کرنا دونوں کا فرض ہے۔ عورت معاشرے کا ایک اہم حصہ ہے جس طرح مرد۔ اگر دونوں صحیح ہوں گے تو اگلی نسل بھی درست پروان چڑھے گی۔

حضور انور نے فرمایا جو آیت میں نے شروع میں تلاوت کی ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے دونوں کو تقویٰ کی نصیحت فرمائی ہے کہ ان کا آپس میں پیار ومحبت کا تعلق ہو وہ رحمی رشتوں کا خیال رکھیں۔ سچ پر قائم رہنے والے ہوں۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے والے ہوں کیونکہ جب تک یہ دونوں حقوق ادا نہ کئے جائیں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل نہیں ہوسکتی۔ اور یاد رکھیں کہ اللہ اور رسول کے احکامات پر عمل کرنے سے ہی تمہیں فوز عظیم حاصل ہوسکتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ دین حق میں عورت کو جو مقام دیا گیا ہے اس کا تقاضا ہے کہ ہر احمدی عورت لغویات اور گناہ کی باتوں سے پرہیز کرنے والی ہو۔ نماز ادا کرنے والی اور زکوة یا مالی قربانی کرنے والی ہو۔ آپ وہ خوش قسمت ہیں جو ان قربانیوں میں پہلوں سے مل رہی ہیں لیکن تقویٰ میں بھی پہلوں سے ملنا ہوگا اور کسی پہلو سے ہمارے اعمال ایسے نہ ہوں جو پہلوں سے نہ ملانے والے ہوں۔ مالی قربانی کے ضمن میں فرمایا کہ لجنہ جرمنی نے برلن کی بیت الذکر تعمیر کرنے کا وعدہ کیا ہوا ہے اس میں بھرپور حصہ لیں۔

آخر پر حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ تقویٰ پر رہتے ہوئے زندگیاں گزارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہم سب اس کے تمام احکامات پر عمل کرنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اس کی توفیق دے کہ آپ بحیثیت احمدی عورت کے اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے والی ہوں اور اپنی نسلوں کو بھی بچانے والی ہوں اس معاشرے میں اگر مائیں اپنے آپ کو سنبھال لیں تو پھر انشاء اللہ کوئی فکر نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق اگلی نسلیں بھی سنبھلتی چلی جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو یہ نمونے قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ماہر امراض جلد کی آمد

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 29/اگست 2004ء بروز اتوار ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت مند احباب پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

رابطہ نمبر 04524-211373-213970

Fax:215190

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

داخلہ عائشہ دینیات کلاس ربوہ

عائشہ دینیات اکیڈمی و مدرسة الحفظ طالبات موسم گرما کی تعطیلات کے بعد مورخہ 16/اگست 2004ء سے دوبارہ کھل چکا ہے۔ فرسٹ سمیسٹر میں داخلہ جاری ہے۔ خواتین اور بچیاں داخلہ لے کر مستفید ہوں۔ تعلیمی معیار کم از کم میٹرک ہے۔ ایف اے اور بی اے پاس طالبات، نیز شادی شدہ خواتین بھی داخلہ لے سکتی ہیں۔ عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

نمایاں کامیابی

مکرم پروفیسر طارق بشیر صاحب دارالعلوم شرقی صدر شعبہ ریاضی گورنمنٹ تعلیم الاسلام کالج لکھتے ہیں۔ خاکسار کے بھانجے سید مطاہر جمال احمد شاہ صاحب ابن مکرم سید نور مبین شاہ صاحب نے خدا تعالیٰ کے فضل سے امسال ایف ایس سی کے امتحان میں فیصل آباد بورڈ میں 961/1100 نمبر لے کر میڈیکل گروپ میں دوسری اور مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ مورخہ 7۔ اگست 2004ء کو فیصل آباد بورڈ میں ایک سرکاری تقریب میں ان کو میڈل اور دیگر انعامات سے نوازا گیا۔ مطاہر جمال احمد شاہ صاحب مکرم بشیر احمد شمس صاحب دارالعلوم شرقی کے نواسے اور مکرم ڈاکٹر سید مصدق احمد شاہ صاحب کے پوتے اور مکرم ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب بشیر حال تنزانیہ کے بھانجے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کامیابی کو آئندہ مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

مشعل راہ

نوجوانوں میں قومی دیانت اور سچائی پیدا کرو

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

تمہارا ایک کام یہ ہے کہ تم نوجوانوں میں قومی دیانت پیدا کرو۔ اسی طرح ان میں تجارتی دیانت پیدا کرو یا زیادہ وسیع لفظ اگر استعمال کیا جائے تو اس کے لحاظ سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ تم معاملاتی دیانت پیدا کرو اور اخلاقی دیانت کے پیدا کرنے سے بھی غافل نہ رہو۔ اگر تم بار بار نوجوانوں کو یہ سبق دو۔ اگر تم دیکھتے رہو کہ تم میں سے کسی میں دیانت کا فقدان تو نہیں ہو رہا اور اگر تم اپنے دوستوں، اپنے ہمسایوں، اپنے رشتہ داروں، اپنے اہل محلہ اور اہل شہر میں یہ روح پیدا کرنے کی کوشش کرو تو یقیناً تم ایک ایسا کام کرتے ہو جو احمدیت کو زندگی بخشنے والا ہے۔ باقی رہا سچ۔ سو سچ بھی ایک ایسی چیز ہے کہ جس کے بغیر دنیا میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔ سارے فساد اور لڑائی جھگڑے محض جھوٹ سے پیدا ہوتے ہیں۔ لوگوں کو اگر ایک دوسرے پر اعتبار نہیں آتا یا تعلقات میں کشیدگی ہوتی ہے تو محض اس لئے کہ وہ سچ نہیں بولتے۔ مگر جس کی سچائی پر لوگوں کو یقین ہو اس کے متعلق وہ ایسی باتیں بھی ماننے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں جن باتوں کو وہ کسی دوسری صورت میں تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ حدیثوں میں آتا ہے کہ ایک دفعہ ایک شخص رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ وہ معلوم ہوتا ہے کوئی موٹی عقل کا آدمی تھا جس نے اسلام پر غور کیا مگر اسلام کی صداقت اس پر کسی طرح منکشف نہ ہوئی۔ مگر پھر اس کے دل میں شبہ بھی پیدا ہو جاتا ہے کہ اگر اسلام سچا ہی ہوا تو میں خدا تعالیٰ کو کیا جواب دوں گا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ صدوق مشہور تھے اور ہر شخص اس بات کو تسلیم کرتا تھا کہ آپ کبھی جھوٹ نہیں بولتے اس لئے اس نے فیصلہ کیا کہ اس امر کا بھی آپ سے ہی فیصلہ کرائے اور اسی شخص سے جو مدعی ہے دریافت کرے کہ کیا وہ اپنے دعویٰ میں سچا ہے یا نہیں۔ کیا یہ عجیب بات نہیں کہ جو شخص مدعی ہے اسی سے وہ پوچھنے آتا ہے کہ کیا آپ واقعہ میں مدعی ہیں یا یونہی کہہ رہے ہیں۔ وہ چونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا قائل نہیں تھا اس لئے اس نے آتے ہی کہا کہ اے محمد! (ﷺ) میں تجھ سے ایک سوال کرتا ہوں تو خدا کی قسم کھا کر مجھے اس کا جواب دے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت اچھا جو بات تم دریافت کرنا چاہتے ہو دریافت کرو۔ اس نے کہا تو آپ خدا کی قسم کھا کر بتائیں کہ کیا آپ نے جو دعویٰ کیا ہے یہ خدا کے حکم کے مطابق کیا ہے اور کیا واقعہ میں خدا نے آپ کو رسول بنایا ہے؟ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھے خدا نے ہی رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اس نے کہا اگر یہ بات ہے تو ہاتھ لایئے میں ابھی آپ کی بیعت کرنا چاہتا ہوں۔ اب مدعی وہی ہے۔ اسی کے سچ اور جھوٹ پر بحث ہے مگر چونکہ دنیوی زندگی میں وہ آپؐ کی سچائی کا قائل تھا اس لئے اس نے اپنی آخرت بھی آپ کے سپرد کر دی اور فیصلہ کر لیا کہ جب دنیوی معاملات میں جھوٹ نہیں بولتا تو یہ ممکن ہی نہیں کہ دینی معاملات میں جھوٹ بولے۔ تو سچائی ایک ایسی چیز ہے کہ وہ انسان کے رعب کو قائم کر دیتی ہے۔ تم اگر سچ بولنے کی ہمیشہ تلقین کرتے رہو تو تمہارا ایک ایک فرد ہزاروں کے برابر سمجھا جائے گا۔ لوگ (دعوت الی اللہ) کرتے اور بعض دفعہ شکایت کرتے ہیں کہ اس (دعوت الی اللہ) کا اثر نہیں ہوتا لیکن اگر سچائی کامل طور پر ہماری جماعت میں پھیل جائے اور لوگ بھی یہ محسوس کرنے لگ جائیں کہ اس جماعت کا کوئی فرد جھوٹ نہیں بولتا تو چاہے آج کے لوگ نہ مانیں مگر ان کی اولادیں اس بات پر مجبور ہوں گی کہ احمدیت کی صداقت کو تسلیم کریں کیونکہ جب ان کی اولادیں سنیں گی کہ فلاں شخص تھا تو بڑا سچا مگر ہمیشہ جھوٹ کی طرف لوگوں کو بلاتا رہا تو وہ حیران ہوں گی اور یہ نتیجہ نکالنے پر مجبور ہوں گی کہ جنہوں نے ان لوگوں کو غلط عقائد میں مبتلا سمجھا انہوں نے غلطی کی۔

(مشعل راہ جلد اول ص 126)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

درخواست دعا

- مکرم محمد شریف صاحب دارالضیافت ربوہ سے اطلاع دیتے ہیں کہ مکرم رانا خلیل احمد صاحب حال کراچی حلقہ صدر کی والدہ صاحبہ چند یوم سے شدید بیمار ہیں احباب جماعت سے ان کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

- مکرم نسیم احمد صاحب ایجنٹ روزنامہ الفضل راولپنڈی تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد مکرم محمد یٰسین صاحب بیمار ہیں۔ ان کی صحت یابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

اعلان داخلہ

- گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نے شعبہ آرٹ اینڈ ڈیزائن اور ہوم اکنامکس فیصل آباد نے شعبہ آرٹ اینڈ ڈیزائن اور ہوم اکنامکس میں مختلف پروگرامز آفر کئے ہیں۔ ڈگری پروگرامز کیلئے داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 31/اگست 2004ء ہے جبکہ ماسٹر پروگرامز کیلئے داخلہ کی آخری تاریخ 15 ستمبر 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان 20/اگست 2004ء ملاحظہ کریں۔

- فیڈرل کالج آف ایجوکیشن حکومت پاکستان نے بی ایس ایڈ (تین سالہ) اور ڈپلومہ ان ایجوکیشن (ڈیڑھ سالہ) میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 3 ستمبر 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 19/اگست 2004ء ملاحظہ کریں۔

- انسٹیٹیوٹ آف کمیونیکیشن ٹیکنالوجی سینٹر آف ایکسیلینس ان ٹیلی کام ایجوکیشن نے ایم ایس ٹیلی کام مینجمنٹ اور ایم ایس ٹیلی کام انجینئرنگ میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 3 ستمبر 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 19/اگست 2004ء ملاحظہ کریں۔

- پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے سیشن 06-2004ء کیلئے آؤٹ سٹینڈنگ سکالرشپ پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ اس پروگرام میں وہ طلبہ Apply کر سکیں گے جن کے سابقہ امتحانوں میں 80% نمبر ہوں۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 ستمبر 2004ء ہے۔ مزید معلومات روزنامہ جنگ مورخہ 18/اگست 2004ء سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

(نظارت تعلیم)

درخواست دعا

- مکرم ضیاء اللہ مبشر صاحب نائب ناظر امور عامہ لکھتے ہیں۔ کہ ان کی ہمشیرہ مکرمہ امۃ المتین صاحبہ اہلیہ مکرم ظریف احمد صاحب راچسٹر امریکہ کے پتے کا آپریشن متوقع ہے۔ نیز ان کے بیٹے حسان احمد مبشر (عمر 4 سال) کو برین ڈی مائلینیشن کی گزشتہ دو سال سے تکلیف ہے۔ احباب جماعت خاکسار کی ہمشیرہ اور بیٹے کیلئے دعا کریں اللہ تعالیٰ دونوں کو شفائے کاملہ دعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

- مکرم محمد سرور صاحب کارکن دفتر الفضل تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کا بھتیجا ناصر احمد ابن مکرم محمد انور صاحب کارکن فضل عمر ہسپتال ربوہ بخار کی وجہ سے علیل ہے۔ فضل عمر ہسپتال میں داخل ہے۔ اللہ تعالیٰ بچے کو شفائے کاملہ دعاجلہ عطا فرمائے۔

اعلان داخلہ

- پنجاب یونیورسٹی کالج آف آرٹ اینڈ ڈیزائن نے بی ایف اے (پینٹنگ، گرافک ڈیزائن، ٹیکسٹائل ڈیزائن) اور بیچلر آف آرکیٹکچر (5 سالہ پروگرام) میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 28/اگست 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 22۔ اگست 2004ء

- یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور نے ایم اے ایجوکیشن اور ایم ایڈ میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 ستمبر 2004ء ہے مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 22/اگست 2004ء ملاحظہ کریں۔

- فیڈرل پبلک سروس کمیشن نے (سی ایس ایس) مقابلہ کے امتحان کے ٹائم ٹیبل کا اعلان کر دیا ہے یہ امتحان 25 ستمبر سے 12۔ اکتوبر تک ہوگا مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 22/اگست 2004ء ملاحظہ کریں۔

- بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان نے دو سالہ ایم فل پروگرام برائے کیمسٹری، شماریات (سیشن 2004ء) اور ایم فل سوشیالوجی/سائیکالوجی سیشن 2004ء میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 13 ستمبر 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 22/اگست 2004ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

سہیل احمد ثاقب بسراء صاحب

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بحیثیت مفسر قرآن

حضرت ابن عباس قرآن کریم کے سمجھنے میں اول نمبر والوں میں سے تھے (ازالہ اوہام)

مختصر تعارف

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام لبابہ بنت حارث الھلالیۃ تھا۔ آپ کی پیدائش اس وقت ہوئی جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کا قبیلہ شعب ابی طالب میں محصور تھے۔ یہ ہجرت سے تین سال قبل کا واقعہ ہے۔ جب آپ پیدا ہوئے تو آپ کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے جایا گیا چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تبرکاً لعاب مبارک آپ کے منہ میں ڈالا۔

آغاز طفولیت سے ہی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے وابستہ رہے ان کی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں تھیں۔

حضور کی وفات کے وقت حضرت ابن عباسؓ کی عمر تیرہ یا پندرہ برس تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کبار صحابہؓ کی صحبت اختیار کی اور ان کے چشمہ علم سے اپنی پیاس بجھائی۔

آپ نے 68ھ میں بعمر 70 سال طائف میں وفات پائی اور وہیں مدفون ہوئے۔

جب آپ کو قبر میں اتارا گیا تو درج ذیل الفاظ صحابہؓ کی زبان پر تھے۔

مات واللہ حبرھذہ الامۃ

بخدا آج اس امت کے عظیم عالم نے وفات پائی۔

(الاصابہ فی تمییز الصحابۃ جلد نمبر2، ص 330 طبع اولیٰ 1328ھ بیروت)

تفسیر القرآن میں مقام

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ عظیم مفسرین قرآن میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو قرآن کریم کا خاص فہم عطا کیا ہوا تھا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے علمی مقام کی وجہ سے آپ کو مختلف صفاتی ناموں سے پکارا جاتا تھا چنانچہ "المستدرک" میں مرقوم ہے۔

کہ آپ کو کثرت علم کی وجہ سے البحر (سمندر) کے نام سے پکارا جاتا تھا۔

(المستدرک جلد نمبر3 ص 535)

حضرت ابن عباسؓ کا ایک نہایت دلکش اور قابل فخر نام "فتی الکھول" پڑا ہوا تھا جس کا مفہوم یہ ہے کہ کم عمری میں ہی بڑوں جیسا تجربہ اور فہم رکھنے والا نوجوان اور اس کے ساتھ ہی "انہ لسانا سؤلا وقلبا عقولا" یعنی سراپا سوال کرنے والی زبان اور غیر معمولی قلبی سمجھ رکھنے والا کہا جاتا تھا۔

زہری سے روایت ہے:

کہ مہاجرین نے حضرت عمر بن خطاب سے کہا کہ ہمارے بیٹوں کو بھی ویسا ہی مقام دیں جس طرح آپ ابن عباس کو دیتے ہیں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ نے جواب دیا کہ ابن عباسؓ تم میں ایک ایسا شخص ہے جو کم عمری میں ہی بڑوں کی سی بصیرت رکھتا ہے اور ان کی زبان سراپا حسن سوال ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسے غیر معمولی عقل و سمجھ والا دل عطا فرمایا ہے۔

(مستدرک جلد 3 ص 540)

اسی روایت سے ملتی جلتی ایک روایت حیان الاندلسی "البحر المحیط" جلد اول ص 19 پر لائے ہیں۔

آپ کے غیر معمولی مقام و مرتبہ کی وضاحت درج ذیل حدیث کرتی ہے کہ جس میں آپ کے غیر معمولی فہم قرآن پر روشنی پڑتی ہے۔ بخاری میں حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ حضرت عمرؓ مجھے اپنی مجلس میں بدری صحابہ کے ساتھ جگہ دیا کرتے تھے اس وجہ سے انہوں نے ایک بار اس بات کا اظہار کیا کہ یہ لڑکا ہمارے ساتھ کیونکر بٹھایا جاتا ہے حالانکہ یہ تو ہمارے بیٹوں کے برابر ہے۔

حضرت عمرؓ نے یہ بات سن کر فرمایا یہ لڑکا ان لوگوں میں سے ہے جن سے تم نے تعلیم پائی چنانچہ اس کے بعد حضرت عمر نے ایک بدری صحابیؓ کو بلایا اور حضرت ابن عباسؓ کو ان کے ساتھ بٹھا دیا۔

پھر حضرت عمرؓ نے بدری صحابہ کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ تم سورۃ نصر کے بارے میں کیا کہتے ہو۔ بعض نے کہا ہمیں اس وقت خدا تعالیٰ کی حمد اور اس سے مغفرت چاہنے کا حکم دیا گیا ہے جبکہ ہمیں نصرت عطا ہو اور ہمیں فتوحات حاصل ہوں اور بعض صحابہ خاموش رہے۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے ان کا جواب سن کر میری طرف توجہ کی اور کہا۔ تم بھی ایسا ہی کہتے ہو؟ میں نے کہا نہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: پھر تم کیا کہتے ہو؟ حضرت ابن عباس کہتے ہیں اس سے مراد رسول اللہؐ کی رحلت ہے جس کی خبر اللہ تعالیٰ نے آپ کو دی تھی اور فرمایا کہ جس وقت اللہ کی مدد اور فتح آئے تو یہ بات تمہارے دنیا سے سفر کرنے کی علامت ہے اس وقت تم اپنے پروردگار کی حمد کے ساتھ تسبیح کرنا اور اس سے مغفرت چاہنا کیونکہ اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔

حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ میرا یہ جواب سن کر حضرت عمرؓ نے کہا۔ مجھ کو بھی اس سورۃ کے بارے میں یہی علم ہے جو تم نے کہا۔

حضرت ابن عباسؓ کے لئے سب سے بابرکت نام "حبر الامۃ" ہے جو آپ کو دربار نبوی سے بزبان جبرائیل عطا ہوا چنانچہ روایت ہے۔

حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو جبرائیل بھی وہاں موجود تھے۔ چنانچہ جبرائیل نے حضور پاکؐ سے کہا کہ یہ شخص "حبر الامۃ" ہے پس اسے بھلائی کی نصیحت کیجئے۔

(المستدرک جلد نمبر3 ص 537-538)

"حبر" بہت بڑے عالم کو کہتے ہیں اور جو شخص "حبر الامۃ" ہو یعنی پوری امت کا بہت بڑا عالم، اس کی علمی بلندیوں کا کون احاطہ کرسکتا ہے۔

آپ نے قرآن کریم کے متعدد مشکل مقامات کی احسن رنگ میں وضاحت کی جس کی بنا پر آپ کو "نعم ترجمان القرآن" یعنی قرآن کریم کا بہترین ترجمان ہونے کا لقب ملا۔

المستدرک میں مرقوم ہے۔

"نعم ترجمان القرآن ابن عباس"

(المستدرک جلد نمبر3 ص 537)

ایک مرتبہ کسی صحابیؓ نے ابن عمرؓ سے کسی مسئلہ کی بابت دریافت کیا تو آپ نے فرمایا:

جا کر حضرت ابن عباس سے اس مسئلہ کی بابت دریافت کریں کیونکہ جو اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ پر اتارا ہے یعنی قرآن مجید اس کا وہ سب سے زیادہ علم رکھنے والا ہے۔

(الاصابہ جلد نمبر4 ص 127)

حضرت ابن عباس کی علمی برتری کے اسباب

حضرت ابن عباسؓ کی علمی شہرت و برتری کی مندرجہ ذیل چند وجوہات ہیں:۔

سب سے بڑی وجہ وہ دعائیں ہیں جو آنحضرتؐ نے آپ کے حق میں کیں۔

ایک دعا میں ہے کہ اے اللہ! اس کو دین کا فہم عطا کر اور اسے قرآن کی تفسیر سکھا دے۔

(الاصابۃ جلد نمبر4 ص 124)

ایک اور روایت ہے۔

کہ اے اللہ! اسے قرآن کا علم اور حکمت سکھا۔

(الاصابۃ جلد نمبر4 ص 122)

علمی برتری کی دوسری بڑی وجہ یہ ہے کہ آپ خاندان نبوت میں پروان چڑھے۔

تیسری وجہ آنحضرتؐ کی وفات کے بعد کبار صحابہؓ کی صحبت ہے۔

چوتھی بڑی وجہ عربی زبان پر دسترس کا ہونا ہے۔

بچپن سے ہی آپ بڑے شوق اور ولولے سے اسوۂ رسولؐ پر عمل کرنے کی کوشش کرتے۔

چھٹی اور آخری علمی برتری کی بڑی وجہ آپ کا اجتہاد کے مرتبہ پر فائز ہونا ہے اور بے باک حق کی بات کہنا ہے۔

(التفسیر والمفسرون از الدکتور محمد حسین الذھبی ص 67-68)

حضرت ابن عباسؓ کو آنحضرتؐ کے اسوہ پر عمل کرنے کا اس قدر شوق تھا کہ ایک بار وہ اپنی خالہ حضرت میمونہؓ کے ہاں صرف اس لئے آئے تا کہ وہ آپؐ کے قرب میں رہ کر آپ کا اسوہ دیکھ سکیں۔ اور یہ آپ کے بچپن کا واقعہ ہے۔ آپ کا اسوۂ رسولؐ پر عمل کرنے کی کاوش آپ کی سیرت کی ایک نمایاں جھلک ہے۔

(بخاری کتاب الوضوء، باب التخفیف فی الوضوء)

حضرت ابن عباسؓ کی تفسیری روایات

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بے شمار تفسیری روایات منقول ہیں اور ان روایات کی اسانید بھی مختلف ہیں اب ذیل میں ان تفسیری روایات کے اسناد کے مختلف طرق بیان کئے جاتے ہیں۔

1۔ روایات کا پہلا طریق معاویۃ بن صالح عن علی بن ابی طلحۃ عن ابن عباس۔ اس طریق روایت کو اعلیٰ درجہ کا کہا گیا ہے۔

ابن جریر الطبری، ابن ابی حاتم اور ابن المنذرؒ نے بھی بہت سی روایات اپنے اور ابی صالح مابین چند واسطوں کے ساتھ بیان کی ہیں۔ صحیح مسلم اور صحیح بخاری نے بھی اس طریق روایت پر اعتماد کیا ہے۔

2۔ دوسرا طریق قیس بن مسلم الکوفی، عن عطاء بن السائب عن سعید ابن جبیر عن ابن عباس۔

یہ طریقہ سند شیخین کی شرط پر صحیح ہے چنانچہ فریابی اور حاکم نے اپنی مستدرک میں اکثر روایتیں اس طریق سے بیان کی ہیں۔

ابن اسحاق عن محمد بن ابی محمد مولیٰ آل زید ابن ثابت عن عکرمہ او سعید بن جبیر عن ابن عباس۔

اس طریق پر کبھی "عکرمہ" اور کبھی "سعید بن جبیر" سے روایت آئی ہے۔

صاحب الاتقان کے نزدیک یہ ایک جید طریق ہے اور اس کی اسناد حسن ہیں۔ اس طریق سے ابن جریرؒ اور ابن ابی حاتم نے بہت سی روایات [illegible] کی ہیں۔ طبرانی کی معجم کبیر میں بھی اس طریق سے روایات مروی ہیں۔

4۔ اسماعیل بن عبدالرحمان السدی الکبیر، کبھی اَبی مالک سے اور کبھی اَبی صالح عن ابن عباس۔

اسماعیل بن عبدالرحمان السدی الکبیر کے متعلق امام سیوطی صاحب الاتقان میں لکھتے ہیں کہ وہ تفسیر جس کو السدی نے جمع کیا ہے اس کی روایت اسباط نے کی ہے اور اسباط وہ شخص ہے جس پر فن رجال کے علماء نے اتفاق نہیں کیا۔

ابن کثیر نے کہا ہے کہ یہ اسناد جس کے ذریعہ سے السدی روایت کرتا ہے اس میں کچھ ایسی چیزیں ہیں جن میں غرابت پائی جاتی ہے۔

(تفسیر ابن کثیر جلد نمبر 1 ص 4)

5۔ عبدالملک بن جریج عن ابن عباس

ابن جریج کی روایت تحقیق کی محتاج ہیں کیونکہ انہوں نے صحت کا کچھ خیال نہیں رکھا اور صحیح اور سقیم ہر طرح کی تفسیروں کو جو ہر ایک آیت کے بارہ میں آئی ہیں ذکر کر دیا ہے۔

6. الضحاک بن مزاحم الهلالی عن ابن عباس

یہ روایت کا طریقہ منقطع ہے اس لئے کہ ضحاک ابن عباسؓ سے ملا ہی نہیں۔

7. عطية العوفی عن ابن عباس

اس طریق سے ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے بہت سی روایتیں لی ہیں جبکہ صاحب الاتقان کے نزدیک العوفی ضعیف ہے امام ترمذی نے اسے حسن کہا ہے۔

8۔ مقاتل بن سلیمان الازدی الخراسانی

علماء نے مقاتل کو فی نفسہ ضعیف قرار دیا ہے ورنہ اس نے بڑے بڑے تابعی اماموں کو پایا ہے۔

9. محمد بن السائب الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس

اس طریق کو سب طریقوں سے بڑھ کر ضعیف کہا گیا ہے اگر کلبی کے اس طریق سے محمد بن مروان السدی الصغیر کی روایت آ جائے تو اسے کذب کا سلسلہ قرار دیا گیا ہے۔ کلبی کے طریق سے ثعلبی اور واحدی نے بھی بہت سی روایات کی ہیں۔

یہ وہ نو مختلف طریق روایات تھے جو بالعموم مشہور ہیں البتہ ان کے علاوہ کچھ اور بھی روایات کے طریق ہیں مثلاً ان میں سے ایک یہ ہے:۔ عن ایوب عن عکرمة عن ابن عباس ۔ یہ وہ طریق روایت ہے جس سے بخاری کی ایک روایت "من بدل دینه فاقتلوه" مروی ہے۔

حضرت ابن عباس کی طرف منسوب تفاسیر

تفسیر قرآن کا ایک ضخیم حصہ ایسا ہے جو حضرت ابن عباسؓ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے حالانکہ ابن عبدالحکم کے طریق سے یہ روایت ہے کہ میں نے امام شافعی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ابن عباسؓ سے تفسیر کے متعلق بجز ایک سو حدیثوں کے روایتیں ثابت نہیں ہوئی ہیں۔

(الاتقان جلد نمبر 2 ص 465)

حضرت ابن عباسؓ کی طرف منسوب تفاسیر میں سے ایک تفسیر "تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس" ہے جو مصر سے متعدد بار شائع ہوئی ہے اور اس کے مؤلف ابو طاهر سهل بن یعقوب الفیروز آبادی الشافعی ہیں انہوں نے "القاموس المحیط" بھی تصنیف کی ہوئی ہے۔

اس تفسیر کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ سے جو بھی اقوال اس کتاب میں منقول ہیں ان کا مدار و انحصار محمد بن مروان السدی الصغیر کی روایت از محمد بن سائب الکلبی از ابو صالح از ابن عباس پر ہے اس طریق روایت کو جمہور علماء نے ضعیف قرار دیا ہے۔

حضرت ابن عباسؓ کی طرف منسوب روایات کی کثرت کی وجہ سے صحیح اور غلط میں فرق کرنا مشکل ہو گیا ہے۔

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

جماعت احمدیہ برطانیہ کی خبریں

جماعت احمدیہ برطانیہ کے تربیتی و معلوماتی مجلّہ "اخبار احمدیہ" مئی جون 2004ء اور مجلس انصاراللہ یو۔کے کے تربیتی و تعلیمی مجلّہ "انصارالدین" شمارہ نمبر 2 سے ماخوذ اہم خبروں کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

بریڈفورڈ میں عیدملن پارٹی

جماعت احمدیہ بریڈفورڈ نے اپنی سالانہ عیدملن پارٹی کا انعقاد 15 فروری 2004ء کو مرکز دعوت الی اللہ میں کیا۔ یہ اس سلسلہ کا 18واں پروگرام تھا۔ جس میں کثیر تعداد میں مہمانوں اور معززین نے شرکت کی۔ مکرم عبدالباری صاحب صدر جماعت احمدیہ بریڈفورڈ اور ریجنل امیر مکرم بلال اٹکنسن صاحب کے علاوہ دیگر مقررین بریڈفورڈ کے ڈپٹی بشپ۔ کونسلر مارگریٹ ایٹن۔ جج سٹیفن گللک۔ ویسٹ یارکشائر پولیس کے چیف کانسٹیبل۔ بریڈفورڈ کے ڈپٹی لارڈ میئر اور کونسلر تھورنٹن صاحب نے بھی حاضرین سے خطاب کیا۔ آخر میں محترم رفیق حیات صاحب امیر یو۔کے نے دین میں نظریہ قربانی پر خطاب کیا۔ اسی شام بی بی سی کے ریجنل نیوز بلٹن میں کئی اہم خبروں میں یہ خبر شامل تھی۔ علاوہ ازیں مقامی اخبارات اور ریڈیو نے بھی اس کی بہت عمدہ کوریج دی۔

عیدملن پارٹی

جماعت احمدیہ لیمنگٹن نے 21 فروری 2004ء کو عیدملن پارٹی منعقد کی جس میں تقریباً دوصد افراد نے شرکت کی۔ جس میں سیاسی و سماجی طبقہ سے تعلق رکھنے والے معززین۔ مقامی پولیس انسپکٹر اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے مہمان شامل تھے۔

بیت الفتوح میں زائرین کی آمد

12 مارچ 2004ء کو کنزرویٹو پارٹی کے امیدوار برائے "لندن میئرشپ" جناب سٹیو نورس نے بیت الفتوح مورڈن کا دورہ کیا۔ مکرم امیر صاحب یو۔کے کے ساتھ تفصیلی گفتگو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت احمدیہ نے دین حق کے متعلق پھیلائی ہوئی غلط فہمیاں دور کرنے میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے۔ جناب نورس کے ساتھ چند دیگر اہم شخصیات نے بھی بیت الفتوح کی زیارت کی آخر میں مہمانوں کو تحائف پیش کئے گئے۔ اس سے قبل لبرل ڈیموکریٹ پارٹی کے امیدوار Ms.Simon Hughes متعدد بار بیت الفتوح آ چکی ہیں۔

مانچسٹر میں جلسہ پیشوایان مذاہب

14 مارچ 2004ء مانچسٹر نارتھ کی جماعت نے جلسہ پیشوایان مذاہب منعقد کیا۔ جس میں ہندو مذہب، بدھ مذہب، یہودیت اور عیسائیت کے سکالرز نے شرکت کی اور احمدیت کی نمائندگی مکرم عطاء المجیب راشد صاحب امام بیت الفضل لندن نے کی اور دینی تعلیم کے حوالہ سے مذہب میں جبر نہ ہونے پر روشنی ڈالی اور حاضرین کے سوالات کے جوابات دیئے۔ آخر میں کونسلر Gerry Diamonds نے مقررین اور حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ اس پروگرام میں حاضرین کی تعداد 300 تھی۔ جن میں 60 غیر از جماعت اور 4 لوکل کونسلر تھے۔

الحافظون کے تربیتی پروگرام

جماعت احمدیہ برطانیہ کے زیر اہتمام الحافظون کلاس میں بچوں کو حفظ قرآن کریم کے ساتھ ساتھ دیگر تربیتی امور اور جماعتی روایات سے بھی روشناس کرایا جاتا ہے۔ ان پروگراموں کی خاص بات یہ ہے کہ منتظمین کی نگرانی میں سارا سال سب پروگرام بچے ہی منعقد کرتے ہیں اور جلسہ کا انعقاد انتہائی وقار اور سنجیدگی سے کرتے ہیں۔ صدارت بھی بچے ہی کرتے ہیں اور مقررین بھی بچے ہی ہوتے ہیں۔ چنانچہ الحافظون کے بچوں نے 29 فروری 2004ء کو جلسہ یوم مصلح موعود، 27 مارچ کو جلسہ یوم مسیح موعود 16 مئی کو جلسہ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور 29 مئی کو یوم خلافت منعقد کیا۔

ان پروگراموں سے بچوں میں خود اعتمادی اور احساس ذمہ داری کے معیار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

ونچسٹر لائبریری میں نمائش

29 مارچ تا 28 اپریل 2004ء ونچسٹر لائبریری میں دعوت الی اللہ کے سلسلہ میں ایک نمائش کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد دین کے بارے میں پھیلائے جانے والے غلط خیالات کا رد اور احمدیت کا پیغام لوگوں تک پہنچانا تھا۔ مختلف عناوین کے پوسٹر آویزاں کئے گئے بہت سا مفت لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا جن میں رسالہ ریویو آف ریلیجنز کی 50 کاپیاں، ملینیم گفٹ کے 65 پیکٹ "جماعت کا تعارف" 18 عدد شامل ہیں۔

سلطان القلم سیمینار

شعبہ تعلیم برطانیہ کے زیر اہتمام "سلطان القلم سیمینار" (بزبان انگریزی) 24 اپریل 2004ء کو بیت الحمد بریڈفورڈ میں منعقد ہوا۔ جس میں بریڈفورڈ۔ ہڈرزفیلڈ۔ کیتھلے۔ شیفیلڈ اور ہارٹلے پول کی جماعتوں کے دوسو سے زائد مرد و خواتین نے شرکت کی۔ جس کی صدارت مکرم بلال اٹکنسن صاحب ریجنل امیر نے کی۔ مکرم حافظ فضل ربی صاحب نے تعارفی تقریر کی بعد ازاں مکرم غلام احمد خادم صاحب مربی سلسلہ نے "لیکچر لاہور" اور مکرم نسیم احمد باجوہ صاحب مربی سلسلہ نے "لیکچر سیالکوٹ" کا تعارف پیش کیا۔ آخر پر مکرم بلال اٹکنسن صاحب نے اپنے اختتامی خطاب میں بتایا کہ جب میں احمدی ہوا تو پہلی کتاب جو میں نے پڑھی تھی وہ "مسیح ہندوستان میں" تھی۔ اس کتاب نے مجھے جو ایک نئی راہ دکھائی اس سے واپسی ممکن نہیں تھی۔

تعلیم و تربیت فورم

15 مئی 2004ء بیت الفتوح میں لجنہ کا پہلا نیشنل تعلیم و تربیت فورم منعقد ہوا۔ جس میں ساؤتھ ہال۔ لنڈن اے۔ لنڈن بی۔ مڈل سیکس اور اسلام آباد ریجنز کی ساڑھے چار صد ممبرات نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں مکرمہ صاحبزادی فائزہ لقمان صاحبہ صدر لجنہ یو۔کے نے بھی شرکت فرمائی۔ مختلف مقررین نے قرآن کریم کی صحیح تلفظ سے ادائیگی۔ ترجمہ قرآن سیکھنے کی اہمیت۔ شادی بیاہ کی رسومات اور ان کے نقصانات، صفائی کی اہمیت وغیرہ پر تقاریر کیں۔

"کیرئیر ووِمن پروگرام" میں 6 مقررات نے اپنے اپنے پیشہ کے اوصاف اور فوائد پر مختصر تقاریر کیں۔ اور آخر پر صدر لجنہ نے خطاب کیا۔

مجلس سوال و جواب

بیت الفتوح مورڈن لندن میں یکم اپریل 2004ء کی صبح سوال و جواب کی تقریب منعقد ہوئی جس میں

باقی صفحہ 5 پر

محترم حافظ سخاوت علی صاحب شاہجہانپوری مرحوم

درویش قادیان کے حالات زندگی

نوٹ: یہ حالات محترم حافظ سخاوت علی صاحب نے 1980ء میں قلمبند کروائے تھے۔

خاکسار 1885ء میں پیدا ہوا۔ ہمارے دادا محترم کا نام جناب امانت علی صاحب تھا۔ اور وہ محلّہ کے رئیس کی جائیداد گاؤں وغیرہ کے مختار عام تھے۔ اپنی کارکردگی اور ظاہری حالات سے کوٹھی کے ایک فرد معلوم ہوتے تھے۔ محترم والد صاحب کے سوا اور کوئی اولاد نہ تھی۔ والد صاحب بہت نیک صفات کے حامل تھے۔ اولاً آپ حضرت محمد شیر میاں آف پیلی بھیت کے مرید تھے۔ آسام میں شاہجہانپور کے ایک بزرگ کے ساتھ انگریزی ملازمت پر فائز تھے۔ ہر دو کے نام میں لفظ امام شامل تھا۔ والد صاحب کا نام امام بخش اور دوسرے کا نام مولوی غلام امام تھا۔ غالباً 1892ء تک حضرت مسیح موعود کی دونوں زیارت کر چکے تھے۔ ان دنوں بہت جلد مخالفت پھیل رہی تھی۔ کچھ عرصہ بعد دونوں احمدی حضرات شاہجہانپور تشریف لائے۔ والد صاحب کی دعوت الی اللہ اور نیک نمونہ سے جلد قریبی رشتہ دار احمدی ہو گئے۔ کچھ عرصہ بعد حضرت حافظ سید علی میاں صاحب اور ان کے بیٹے حضرت حافظ مختار احمد صاحب شاہجہانپوری بھی مولوی غلام امام صاحب کی دعوت الی اللہ سے احمدی ہو گئے۔

خاکسار کی پیدائش کے زمانہ میں تعلیم کا چرچا کم تھا۔ انگریزی پڑھنے والے بھی کم تھے۔ عموماً مسجدوں میں ہی حفاظ بچوں کو تعلیم دیتے تھے۔ اس قسم کے مدرسہ میں والد صاحب نے ہمیں داخل کروایا تھا۔ مخالفین نے ہم سے بہت بدسلوکی کی اور مسجد میں نماز بھی نہ پڑھنے دی۔ یہ بھی کہا کہ تمہارے والد بے دین ہو گئے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ ہم نے والد صاحب کو یہ تمام کیفیت لکھی تو انہوں نے جواب دیا کہ تم اپنی چھٹی کا سارا وقت حافظ سید مختار احمد صاحب مختار کے پاس گزارا کرو۔ اس پر عمل کرنا شروع کر دیا۔ دیکھا کہ ان کے گھر میں دو مدرسے قائم ہیں۔ یعنی شاعری کا بھی اور احمدیت کا بھی۔ ان دونوں علوم کے طالب فرداً فرداً اور مجموعی طور پر قریباً روزانہ آتے تھے۔ شاعری کا تو یہ حال تھا کہ نئے شاعر اپنے کلام کی اصلاح کراتے۔ دوسری طرف کچھ محققین اور بعض محض مخالفت کے لئے آتے رہتے تھے۔ حضرت مختار نہایت عمدگی اور عام فہم طریق پر قرآن شریف اور دیگر طریقوں سے کامیاب دعوت الی اللہ کرتے تھے۔ اور ہم برابر سنتے رہتے تھے۔ بس اللہ ہی ہمارے لئے کافی تھا۔ لہٰذا ہم نے کبھی آنحضرت سے خود کوئی سوال نہ کیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر لحاظ سے وہ میرے محسن تھے۔

حضرت مسیح موعود کی حیات مبارک میں باوجود کئی بار ارادہ کرنے کے قادیان دارالامان نہ جا سکا۔ حضور کی زیارت سے محرومی کا غم کم کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے عمر اتنی بڑھا دی کہ خلافت ثالثہ کا بابرکت زمانہ بھی دیکھ رہے ہیں۔ اس کے سوا کشفی طور پر اللہ تعالیٰ نے تین مرتبہ صاف طور پر حضرت مسیح موعود کی زیارت اور ہم کلامی بھی عطا فرمائی۔ پہلی مرتبہ میں نے دیکھا کہ خاکسار نے دو عدد سفید کپڑے پیش کرتے ہوئے ایک کپڑے کی تعریف کی جسے حضور نے اسی وقت بطور صافہ استعمال فرما لیا۔ اور دوسرے کے متعلق فرمایا کہ اسے رضائی کا استر بنائیں گے۔

دوسری بار دیکھا کہ حضور اپنے ایک باغ میں تشریف فرما ہیں۔ اور اردگرد کتابیں ہیں۔ ان میں حضور مصروف ہیں۔ اور بعض خادم خدمت کے لئے حاضر ہیں۔ اس موقع پر جب حضور کی زیارت ہوئی تو معانقہ کی حالت میں حضور کا قد مبارک اتنا لمبا تھا کہ عاجز کا سر حضور کے سینہ مبارک تک رہا۔ اس کے بعد کچھ دیر حضور کے پاس بیٹھا رہا۔ اور حضور اپنے کام میں مصروف رہے۔ اس سے قبل کہ میں سلام کر کے رخصت ہوتا۔ حضور نے اپنے ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے۔ ساتھ ہی میں بھی اس دعا میں شریک ہو گیا۔

1905ء میں والد صاحب ہماری والدہ صاحبہ کو بھی حضور کی زیارت اور بیعت کے لئے قادیان مبارک لے گئے۔ جب حضرت اماں جان، والدہ صاحبہ کو حضور کی خدمت میں سلام اور نذرانہ پیش کرنے کی درخواست پر لے گئیں تو حضور نے والد صاحب کی ایمانی حالت کی تعریف فرمائی کہ بیوی کو بھی ثواب سے محروم نہ رکھا۔ والدہ صاحبہ کو ضعف قلب کی شکایت تھی۔ حضور نے ازراہ شفقت بہترین دوا عطا فرمائی۔

والدہ صاحبہ کا بیان ہے کہ اس موقع پر میں نے حضور کو بہت متفکر پایا۔ آخر معلوم ہوا کہ حضور اپنے ایک محبوب خادم مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی علالت کی وجہ سے متفکر تھے۔ حضور نے مولوی صاحب کو بیت مبارک کا پیش امام مقرر فرمایا ہوا تھا۔ اور حضور ان کی اقتداء میں خود نماز پڑھتے تھے۔ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب اسی سال 1905ء میں رحلت فرما گئے۔ مجھے شعر گوئی کا شوق طالب علمی میں بیت بازی کی وجہ سے ہوا تھا۔

سب سے پہلے اپنی نظم بذریعہ اخبار بدر حضرت مسیح موعود کی خدمت میں پیش کی جو کہ بدر 1907ء میں شائع ہوئی۔ جس کا پہلا شعر یہ ہے ۔

ہے اٹھتے بیٹھتے ہر دم یہی ورد زباں مجھ کو
